روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 26 فروری 2005ء 16 محرم 1426 ہجری 26 تبلیغ 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 44

اللّٰہ رؤف و رحیم ہے

حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ ہجرت مدینہ کے بعد 16 ماہ تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے خانہ کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا۔ اس پر صحابہؓ کو خیال آیا کہ پہلی نمازیں ضائع تو نہیں ہو گئیں تو سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 144 نازل ہوئی جس میں کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ایمان ضائع نہیں کرے گا کیونکہ وہ لوگوں پر بہت رؤف اور رحیم ہے۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۃ بقرہ۔ آیت 144 حدیث نمبر 4126)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ کی دوستی

دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ دوستی پکی کرتا ہے تو دنیا کے لوگ اپنی دوستی کا حق ادا کرتے ہیں۔ وہ کون دوست ہے جس کے ساتھ سلوک کیا جاوے تو وہ بے تعلقی ظاہر کرے۔ ایک چور کے ساتھ ہمارا سچا تعلق ہو تو وہ بھی ہمارے گھر میں نقب زنی نہیں کرتا، تو کیا خدا تعالیٰ کی وفا چور کے برابر بھی نہیں۔ خدا تعالیٰ کی دوستی تو وہ ہے کہ دنیا داروں میں اس کی کوئی نظیر ہی نہیں۔ دنیا داروں کی دوستی میں تو غدر بھی ہے۔ تھوڑی سی رنجش کے ساتھ دنیا دار دوستی توڑنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ مگر خدا تعالیٰ کے تعلقات پکے ہیں۔ جو شخص خدا تعالیٰ کے ساتھ دوستی کرتا ہے خدا تعالیٰ اس پر برکات نازل کرتا ہے۔ اس کے گھر میں برکت دیتا ہے۔ اس کے کپڑوں میں برکت دیتا ہے۔ اس کے پس خوردہ میں برکت دیتا ہے۔

بخاری میں ہے کہ نوافل کے ذریعہ سے انسان خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرتا ہے۔ نوافل ہر شئے میں ہوتے ہیں۔ فرض سے بڑھ کر جو کچھ کیا جائے وہ سب نوافل میں داخل ہے۔ جب انسان نوافل میں ترقی کرتا ہے تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کی زبان ہو جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میرے ولی سے مقابلہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہو جائے۔ خدا تعالیٰ کے ساتھ سچی محبت کرنے والے بھی غنی، بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ لوگوں کی تکذیب کی کچھ پروا نہیں رکھتے۔ جو لوگ خلقت کی پروا کرتے ہیں وہ خلق کو معبود بناتے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے بندوں میں ہمدردی بہت ہوتی ہے۔ مگر ساتھ ہی ایک بے نیازی کی صفت بھی لگی ہوئی ہے۔ وہ دنیا کی پروا نہیں کرتے۔ آگے خدا تعالیٰ کا فضل ہوتا ہے کہ دنیا کھچی ہوئی ان کی طرف چلی آتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 506)

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 16 فروری 2005ء کو قبل نماز ظہر بیت الفضل لندن میں درج ذیل نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم عبدالمجید ناصر صاحب

مکرم عبدالمجید ناصر صاحب ابن چوہدری نصیر الدین صاحب مورخہ 12 فروری 2005ء کو بعمر 85 سال یہاں لندن میں وفات پا گئے۔ مرحوم کو حضرت مولانا شیر علی صاحب کے دفتر میں (جبکہ وہ قرآن کریم کا انگریزی ترجمہ کر رہے تھے) خدمت کی سعادت حاصل رہی ہے۔ آپ یوکے جماعت کے ابتدائی ممبران میں سے تھے۔ ساٹھ کی دہائی میں لاہور سے آ کر یہاں آباد ہوئے۔ ان کے بیٹے مکرم انیس ناصر صاحب یوکے جماعت کی مجلس عاملہ میں نائب جنرل سیکرٹری کے طور پر خدمات بجالا رہے ہیں۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹے اور دو بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔

نماز جنازہ غائب

مکرم مولانا بشیر احمد طاہر صاحب

مکرم مولانا بشیر احمد طاہر صاحب سابق پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان طویل علالت کے بعد 6 فروری 2005ء کو قادیان میں وفات پا گئے۔ مرحوم کا تعلق ہندوؤں کی اونچی ذات برہمنوں سے تھا۔ جامعہ احمدیہ قادیان سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ نے مختلف خدمات کے علاوہ بطور پرنسپل جامعہ احمدیہ قادیان بھی خدمت کی توفیق پائی۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا یادگار چھوڑا ہے۔

مکرم عبداللہ داؤد صاحب (آف غانا)

مکرم عبداللہ داؤد صاحب ماہ نومبر 2004ء میں 98 سال کی عمر میں غانا میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ آپ کو 1941ء میں جماعت احمدیہ میں شامل

(باقی صفحہ 12 پر)

مقابلہ مقالہ نویسی 2005ء

بعنوان ''نظام وصیت''

قواعد

☆عنوان مقالہ ''نظام وصیت''

☆ مقالہ کے الفاظ 20 ہزار سے کم نہ ہوں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے ان کے مصنفین، مطبع سن اشاعت وغیرہ کا ذکر کیا جائے۔

☆ کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔

☆ مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31/اگست 2005ء ہے۔

☆ اعزاز پانے والے اراکین کو سالانہ علمی ریلی 2005ء کے موقع پر انعامات دیئے جائیں گے۔

☆اول آنے والے کو 5000 روپے نقد انعام، دوم کو 3000 روپے نقد انعام، سوم کو 2000 روپے نقد انعام، چہارم اور پنجم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو ایک ایک ہزار روپے نقد انعام دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں انعامی شیلڈ اور سند امتیاز سے بھی نوازا جائے گا۔

☆ مقالہ کے شروع میں مقالہ لکھنے والے ناصر اپنا نام مجلس کا نام، ضلع اور مکمل پوسٹل ایڈریس معہ فون نمبر صاف اور خوش خط تحریر کریں۔

☆ مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کیلئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔ تاہم مقالہ نگاران کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔ تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے ذیلی عناوین کو ضرور مدنظر رکھا جائے۔

ذیلی عناوین

1۔ نظام وصیت۔ پس منظر قرآن و حدیث کی روشنی میں

2۔ یوم آخرت و جزا سزا پر ایمان۔ قرآن شریف میں جان و مال کی قربانی کے عوض جنت کا ذکر

3۔ نبی کریم ﷺ کے صحابہؓ کو زندگی میں جنت کے وعدے خصوصاً عشرہ مبشرہ، اہل بدر اور اصحاب حدیبیہ کا ذکر، جنت البقیع کا تعارف

4۔ حضرت مسیح موعود کے ذریعے ایک جنتی معاشرہ کے قیام کے متعلق رسول اللہ ﷺ کی پیشگوئی۔

5۔ حضرت مسیح موعود کی بعثت کے مقاصد اور رفقاء کی پاک تبدیلیاں اور حضرت مسیح موعود کی مالی تحریکات پر رفقاء کا والہانہ لبیک۔

6۔ نظام وصیت کا خلافت کے ساتھ تعلق

7۔ نظام وصیت اور دیگر اقتصادی نظام اور نظام وصیت کی امتیازی خصوصیات۔ نظام نو

8۔ نظام وصیت اور تحریک جدید

9۔ موصیان کی ذمہ داریاں اور فرائض

10۔ نظام وصیت، وحدت اقوام اور غلبہ دین حق

11۔ نظام وصیت ایک عالمگیر روحانی اور دائمی نظام

12۔ نظام وصیت کی برکات اور دشمنوں کے اعتراضات

13۔ نظام وصیت کی شرائط اور بنیادی قواعد

14۔ بہشتی مقبرہ قادیان اور ربوہ کا تعارف اور مقدس مقامات نیز دنیا بھر میں قطعہ ہائے موصیان

15۔ ابتدائی مخلص موصیان کا تذکرہ

16۔ نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کیلئے حضرت مسیح موعود کی دعائیں اور ارشادات۔

17۔ نظام وصیت سے متعلق خلفاء کے ارشادات اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مقدس خواہش۔

امدادی کتب

1۔ قرآن کریم و احادیث (روحانی تبدیلیاں اور مالی قربانی سے مواد)

2۔ کتب حضرت مسیح موعود رسالہ ''الوصیت''

3۔ ملفوظات حضرت مسیح موعود

4۔ نظام نو اور اسلام کا اقتصادی نظام از حضرت مصلح موعود

5۔ تفسیر کبیر حضرت مصلح موعود

6۔ انوار العلوم از حضرت مصلح موعود

7۔ خطبات خلفاء سلسلہ خصوصاً خطبات محمود، خطبات طاہر

8۔ تاریخ احمدیت 1905ء کے واقعات ہفت روزہ بدر قادیان ''وصیت نمبر'' مورخہ 21 دسمبر 2004ء (ہفت روزہ بدر انٹرنیٹ پر بھی دستیاب ہے)

9۔ روزنامہ الفضل و دیگر جماعتی رسائل (الفضل انٹرنیٹ پر بھی دستیاب ہے)

10۔ قواعد وصیت

11۔ رفقاء احمد کی جلدیں اور دیگر سیرت ہائے رفقاء حضرت مسیح موعود۔

(قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان)

ثواب دارین حاصل کرنے کا موقع

فضل عمر ہسپتال ربوہ دکھی اور ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔ مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مد نادار مریضان میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم سعید احمد سہیل صاحب دارالرحمت غربی ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی والدہ محترمہ نذیر بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم میاں محمد یوسف صاحب مرحوم (سابق سیکرٹری مال) محلہ داالرحمت غربی ربوہ مورخہ 15 فروری 2005ء کو فضل عمر ہسپتال میں بعمر 84 سال وفات پا گئیں۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ انتہائی رحمدل اور غرباء سے بہت پیار کرنے والی خاتون تھیں۔ اپنوں اور غیروں سے جس محبت اور حسن سلوک سے پیش آتی تھیں۔ اس شفقت کی وجہ سے ہر کوئی ان کا گرویدہ تھا۔ ان میں جو سب سے بڑی خوبی تھی وہ چندوں میں باقاعدگی تھی۔ اس روز بعد از نماز عصر بیت الناصر دارالرحمت غربی میں آپ کی نماز جنازہ مکرم مولانا نذیر احمد ریحان صاحب مربی سلسلہ نے پڑھائی۔ بعد ازاں بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد محترم مولانا جمیل الرحمٰن رفیق صاحب نے دعا کروائی۔ آپ کے دو بیٹے مکرم بشیر احمد صاحب مقیم جرمنی اور خاکسار سعید احمد سہیل ربوہ اور تین بیٹیاں ہیں آپ حضرت چوہدری نبی بخش صاحب مرحوم ریٹائرڈ سکول ہیڈ ماسٹر رفیق حضرت اقدس مسیح موعود کی بہو تھیں۔ احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری والدہ کی مغفرت فرمائے اور اپنی رضا کی جنت میں بلند تر مقام عطا کرے۔ اور ہم سب کو صبر کی توفیق دے۔ آمین

نکاح وتقریب رخصتانہ

مکرم چوہدری عبدالعزیز صاحب وان جماعت کینیڈا لکھتے ہیں۔ میری بیٹی مکرمہ فریحہ عزیز صاحبہ کا نکاح مکرم چوہدری عمران داؤد صاحب ابن مکرم چوہدری داؤد احمد صاحب کے ساتھ بعوض دس ہزار کینیڈین ڈالر حق مہر مورخہ یکم اکتوبر 2004ء کو بیت المبارک ربوہ میں بعد نماز عصر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھا۔ مورخہ 2۔ اکتوبر 2004ء کو انصاراللہ کے سبزہ زار میں تقریب رخصتانہ عمل میں آئی۔ تلاوت و نظم اور دعا کے بعد تمام مہمانوں کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔ فریحہ عزیز صاحبہ مکرم چوہدری عبدالرحیم صاحب مرحوم کی پوتی اور ماسٹر مولا داد صاحب مرحوم کی نسل سے ہیں نیز چوہدری بشیر احمد صاحب کلوسوہلوی مرحوم کی نواسی ہیں۔ چوہدری عمران داؤد چوہدری غلام احمد صاحب مرحوم لاہور کے پوتے ہیں۔ تمام احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ شادی دونوں خاندانوں کیلئے انتہائی بابرکت اور خیر کا باعث بنائے۔

سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری عبدالکریم صاحب نمبردار (احمد نگر) صدر محلہ دارالفضل غربی ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کے بیٹے مکرم چوہدری عبدالسلام اظہر صاحب احمد نگر حال محلہ دارالفضل ربوہ مورخہ 6 جنوری 2005ء کو کچھ عرصہ الائیڈ ہسپتال میں زیر علاج رہنے کے بعد بعمر 48 سال وفات پا گئے۔ مرحوم سکول ٹیچر تھے اور محلہ کے سیکرٹری تعلیم تھے۔ مرحوم نے تین بیٹے اور تین بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ مرحوم بچپن سے ہی صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔ احمد نگر میں رہتے ہوئے دینی فرائض کے علاوہ بہت سے رفاہی کام کروائے۔ مہمان نواز اور ملنسار تھے۔ نماز جنازہ مکرم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی ربوہ نے پڑھائی۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آخر پر خاکسار تمام احباب کا شکر گزار ہے جنہوں نے دوران علالت ان کیلئے بہت زیادہ دعائیں کیں اور بعد ازاں خود آ کر یا بذریعہ ٹیلی فون اظہار تعزیت کیا اللہ تعالیٰ سب کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

نکاح وتقریب شادی

مکرم خواجہ کلیم احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور اطلاع دیتے ہیں کہ میرے بھائی مکرم ندیم احمد خواجہ صاحب آف مانچسٹر یو کے ابن مکرم خواجہ سلیم ماجد صاحب نرگس بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کا نکاح ہمراہ محترمہ منصورہ ظفر صاحبہ بنت مکرم مرزا ظفر احمد صاحب مرحوم ہما بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بحق مہر مبلغ پانچ ہزار پونڈ سٹرلنگ مکرم محمد یونس خالد صاحب مربی سلسلہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور نے مورخہ 8 فروری 2005ء کو راج محل شادی ہال ملتان روڈ لاہور میں پڑھا۔ وہاں سے ہی رخصتی ہوئی اس موقع پر دعا مکرم رانا مبارک احمد صاحب صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور نے کرائی۔ مکرم ندیم احمد خواجہ صاحب مجلس خدام الاحمدیہ مانچسٹر یو کے میں خدمت کرنے والے خادم دین ہیں۔ احباب سے اس رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

☆......☆......☆......☆

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

قدیمی خادم سلسلہ، جید عالم و مناظر اور میرے والد
محترم مولانا سید احمد علی شاہ صاحب کے حالات زندگی

مکرمہ راضیہ سید صاحبہ

سفید لباس، سر پر سفید عمامہ، درمیانہ قد، نورانی چہرہ، سادگی کا پیکر، نہایت پر وقار زندہ دل، محبت الٰہی میں مخمور اور عشق رسول سے سرشار مشفق وجود محترم سید احمد علی شاہ صاحب میرے ابا 10 راگست 2003ء کو سرگودھا میں اپنے حقیقی محبوب آقا کے حضور حاضر ہوگئے۔

میرے ابا علم وفضل تقویٰ و پرہیز گاری کے لحاظ سے جماعت میں اہم مقام رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے نصف صدی سے زائد عرصہ دعوت الی اللہ اور تربیت کا مقدس کام کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ آپ نے اپنی زندگی میں مختلف ادیان اور مختلف فرقوں کے علماء کے ساتھ دین حق اور احمدیت کی حقانیت اور صداقت کے سلسلہ میں بے شمار مناظرات و مباحثات کئے۔ آپ کو دلائل پیش کرنے کا سلیقہ بھی آتا تھا اور گفتگو کا قرینہ بھی۔ آپ بطور مربی مختلف علاقوں کراچی، حیدر آباد ڈیرہ غازی خاں، مظفر گڑھ، فیصل آباد، سیالکوٹ، سرگودھا اور گوجرانوالہ میں خدمات دینیہ بجالاتے رہے۔ 1974ء کے پر آشوب حالات میں آپ گوجرانوالہ میں بطور مربی انچارج تھے۔ پھر بعد ازاں نائب ناظر اصلاح وارشاد مقامی اور نائب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ آپ مجلس افتاء کے ممبر بھی رہے۔ آپ نے اپنے آپ کو ہمیشہ سلسلہ کا ادنیٰ خادم سمجھا۔ ابا کی طبیعت میں انکساری بہت تھی۔ بہت دعا گو اور صاحب رویا و کشوف تھے۔

ابتدائی حالات

آپ 2 دسمبر 1911ء بمطابق 10 ذوالحجہ 1329ھ عید الاضحیہ ہفتہ کے روز بمقام گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ سید حیات شاہ صاحب کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ کے والدین کو آپ سے بے انتہا محبت تھی۔ وہ آپ کو اعلیٰ تعلیم دلانا چاہتے تھے۔ چنانچہ ابتدائی تعلیم گھٹیالیاں سے حاصل کی۔ مگر مزید تعلیم کے لئے حالات سازگار نہ تھے۔ اور تعلیم جاری نہ رکھنے کا آپ کو بہت افسوس تھا۔ آپ اکثر خوابیں دیکھتے کہ میں گاؤں میں آسمان پر بہت اونچا اڑ رہا ہوں۔ کوئی مجھ تک نہیں پہنچ سکتا۔

دینی شوق

1901ء میں آپ کے چچا سید نذیر حسین شاہ صاحب نے احمدیت قبول کی۔ اس طرح آپ کے خاندان میں احمدیت کا پودا لگ گیا۔ آپ کے والد صاحب بہت نیک اور پابند صوم وصلوٰۃ تھے۔ چنانچہ آپ ان کے ساتھ نماز پڑھتے اور جب آپ نے ہوش سنبھالا تو اپنے آپ کو نماز اور تلاوت قرآن کا پابند پایا۔

آپ قرآن کریم بہت خوش الحانی سے پڑھتے چنانچہ آپ کے استاد حضرت صوفی مطیع الرحمٰن صاحب بنگالی ہیڈ ماسٹر آپ کو تلاوت اور نظم پڑھنے کا ارشاد فرماتے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایسے بزرگ اساتذہ کی شاگردی کا فخر عطا فرمایا۔ جن میں سے اکثر سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفقاء تھے۔ ان میں حضرت سید محمد سرور شاہ صاحب، حضرت میر محمد اسحاق صاحب، حضرت مولانا اسماعیل حلال پوری صاحب، حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب جٹ، حضرت حافظ مبارک احمد صاحب بھیروی، حضرت مولوی غلام احمد صاحب بدوملہوی اور حضرت ماسٹر عبدالرحمان صاحب شامل ہیں۔

آپ کو زمانہ طالب علمی سے ہی تہجد کا شوق تھا۔ آپ نے اپنے ایک پڑوسی جمعدار محمد حیات صاحب سے درخواست کی کہ وہ تہجد کے لئے جگا دیا کریں۔ مگر وہ دو تین آوازوں سے زیادہ دینے کو تیار نہ تھے۔ کبھی آنکھ کھل جاتی کبھی نیند کے غلبہ کی وجہ سے پتہ نہ چلتا تو تہجد سے محروم ہو جاتے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

میں نے یہ ترکیب اختیار کی کہ ٹانگ میں رسی باندھ کر ان کے صحن میں لٹکا دیتا تھا کہ وہ رسی کو کھینچیں گے تو فوراً میں اٹھ جاؤں گا۔ چنانچہ اسی طرح وہ تہجد کے لئے جگایا کرتے۔

قادیان روانگی

گھٹیالیاں سے مڈل پاس کرنے کے بعد قادیان مزید تعلیم کے لئے جانے کی استطاعت نہ تھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے یہ سامان کیا کہ آپ اپنے اساتذہ کرام کے ساتھ ایک مناظرہ سننے کے لئے سوہاوہ ضلع گوجرانوالہ گئے۔ وہاں پبلک کے شور بند کرانے کے لئے تلاوت اور نظم کی فرمائش ہوئی۔ جماعت کی طرف سے مولوی غلام احمد بدوملہوی مربی سلسلہ بطور مناظر تھے۔ انہوں نے آپ کی آواز سن کر مربی بنانے کا خیال ظاہر کیا۔ آپ کے والد صاحب کو پیغام بھیجا کہ اگر وہ راضی ہوں تو میں اس لڑکے کو گھر میں رکھ کر مدرسہ احمدیہ میں تعلیم دلاؤں گا۔ تاکہ یہ مربی بن سکے کیونکہ میں اس لڑکے میں بہت جوہر دیکھ رہا ہوں۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ میری خوشی کی انتہا نہ تھی۔ میں نماز عصر کے بعد مولوی صاحب کے پاس قادیان جانے کے لئے روانہ ہو گیا۔ پڑھنے کا شوق اس قدر تھا کہ دوسری کتب بھی زیر مطالعہ رہتیں اور کتب جمع کرنے اور پڑھنے کا ولولہ اور اشتیاق بڑھتا گیا۔ حضرت مسیح موعود، آپ کے خلفاء اور دیگر موافق اور مخالف علماء کی تصنیفات پڑھتے اور جمع کرتے۔ آپ کا یہ قیمتی سرمایہ 1947ء میں قادیان میں ضائع ہو گیا۔ چنانچہ اپنے شوق کی تسکین کے لئے دوبارہ محنت سے لائبریری بنائی مگر 1974ء میں گوجرانوالہ میں ان تمام قیمتی کتب اور گھر کو آگ لگا دی گئی۔ تیسری بار پھر لائبریری بنائی۔

پہلا پبلک مناظرہ

آپ کا پہلا پبلک مناظرہ، آپ کے استاد حضرت حافظ مبارک احمد صاحب کے حکم پر تلونڈی جھنگلاں میں مولوی محمد یعقوب صاحب بھامبڑی اہل حدیث کے ساتھ ہوا۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ آپ ابھی زیر تعلیم تھے۔ مرکز کی طرف سے آپ کو مختلف جلسوں میں بھجوایا جاتا تو آپ مخالفین کے اعتراضات کا جواب دیتے۔ قادیان سے ہوشیار پور، آگرہ، کراچی تک مختلف فرقوں کے علماء اور پادریوں، یہودیوں سے مناظرہ اور گفتگو کے خدا تعالیٰ نے مواقع عطا فرمائے اور خدمات دینیہ کی توفیق ملی۔

زمانہ طالب علمی میں مناظروں کی بدولت عیسائی مذہب کا وسیع مطالعہ تھا۔ آپ کے پاس بائیبل کے متعدد قدیمی نسخے موجود تھے۔

جب آپ نے مولوی فاضل کیا۔ تو بعض وجوہ کی بناء پر امتحان کی تیاری نہ ہوسکی تو آپ نے رویا میں دیکھا کہ حضرت صوفی غلام محمد صاحب مربی ماریشس نماز پڑھا رہے ہیں اور میں وضو کر رہا ہوں، میں وضو کر کے ان کے ساتھ رکوع میں شامل ہو گیا ہوں۔

چنانچہ اس رویا کی بناء پر آپ نے امتحان دینے کا فیصلہ کیا کہ میں ضرور کامیاب ہو جاؤں گا چنانچہ امتحان سے قبل رویا میں اللہ تعالیٰ نے تمام سوالات بتا دیئے اور آپ نے امتحان دے دیا۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ میں مولوی فاضل کا نتیجہ شائع ہوا۔ اور آپ بہت اچھے نمبروں سے کامیاب ہو گئے اور مربیان کلاس میں داخل ہو گئے۔

شادی

آپ کی شادی حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب نیر نے جو کہ حضرت سید عزیز الرحمان صاحب بریلوی کے داماد تھے اپنے خسر کی بھانجی سیدہ مہر بانو صاحبہ جو بعد میں سیدہ صالحہ بانو صاحبہ کے نام سے پہچانی جاتی تھیں سے کروائی۔ آپ کا نکاح بیت اقصیٰ قادیان میں حضرت مصلح موعود نے پڑھا اور دعا کروائی۔

حضرت مولوی غلام احمد بدوملہوی صاحب نے آپ کو اپنے گھر میں اپنے بچوں کی طرح رکھا۔ ہر معاملہ میں والد صاحب سے بڑے بیٹے کی طرح مشورہ لیتے اور بہت احترام کرتے۔

مولوی صاحب کے بیٹے رشید بوٹ ہاؤس والے بتایا کرتے تھے کہ ہم مولوی صاحب کو اپنا حقیقی بڑا بھائی سمجھتے تھے۔

معجزانہ حفاظت

آپ بتایا کرتے تھے۔ جب میری عمر سات آٹھ برس تھی۔ تو ایک بار میں پانی پینے کنویں پر چلا گیا۔ مجھے پانی نکالنا نہیں آتا تھا کنویں پر جھکا تو چکر آ گیا۔ اور کنویں میں گر گیا۔ جب والدہ صاحبہ نے مجھے گھر میں نہ پایا تو گھبرا کر باہر آئیں۔ قریب ہی ایک نابینا شخص بیٹھے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے کنویں میں گرنے کی آواز سنی ہے۔ چنانچہ کنویں میں رسے ڈالے اور ماہر غوطہ خور اتارے مگر آپ نہ ملے۔ اس شخص کا اصرار تھا کہ بچہ کنویں میں ہی ہے۔ آخر تین چار بار تلاش کے بعد آپ کو بے ہوشی کی حالت میں کنویں کی تہہ سے نکالا گیا۔ سر پر گہرا زخم تھا جس کا چھ ماہ علاج جاری رہا۔ آپ کا بچنا معجزہ تھا۔

آپ کو بچپن سے ہی درس قرآن سننے کا بے حد شوق تھا۔ جہاں درس ہوتا سننے کے لئے اکیلے ہی چلے جاتے۔ بعد میں بارہا قادیان اور ربوہ میں درس دینے کا موقع ملا۔ ایک مرتبہ کراچی میں درس قرآن دیا۔ اور آخری دن حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب سے دعا کروائی۔ حضرت چوہدری صاحب کا ذکر کرتے ہوئے آپ بتایا کرتے تھے کہ حضرت چوہدری صاحب مربیان سلسلہ کا بے حد احترام کرنے والے وجود تھے۔ اور آپ کے ساتھ تو آپ کا تعلق برادرانہ تھا۔ چونکہ داتا زید کا اور گھٹیالیاں قریب ہیں اور ایک ہی علاقہ سمجھا جاتا ہے۔ حضرت چوہدری صاحب موصوف کی آپ کو یہ ہدایت تھی کہ جب بھی کوئی کام ہو بلا تکلف رات ہو یا دن میرے پاس آئیں۔ آپ کو کوئی پہریدار نہیں روکے گا۔ چنانچہ ایک جماعتی کام کے سلسلہ میں آپ حضرت چوہدری صاحب سے ملنے گئے تو پہریدار نے بتایا کہ اندر اہم میٹنگ ہو رہی ہے۔ آپ نہیں مل سکتے۔ آپ نے اپنے نام کی چٹ بھجوائی تو حضرت چوہدری صاحب میٹنگ سے ننگے پاؤں تیز تیز چلتے باہر آئے اور آتے ہی فرمایا:۔

’’یہ کیسے ہوسکتا ہے سلسلہ کا مربی باہر کھڑا رہے اور میں اندر بیٹھوں۔ مربیان کا تو وقت ہی بہت قیمتی ہوتا ہے۔‘‘

ابا جان، حضرت چوہدری صاحب کی ربوہ آمد پر اکثر ان سے ہمیں ملوانے لے جاتے۔ ایک بار ہم ملنے گئے تو چوہدری صاحب واش روم میں تھے۔ آنے میں کچھ وقت لگ گیا۔ آتے ہی معذرت کی اور پھر

آٹوگراف بھی دیئے۔

حضرت مصلح موعود کا ایک

اہم ارشاد

جب آپ کراچی میں مربی تھے تو حضرت مصلح موعود کراچی تشریف لائے۔ بعد نماز ظہر وعصر مجلس عرفان میں حضور احباب کے سوالات کے جوابات ارشاد فرماتے۔ اس موقع پر آپ نے حضور سے سورۃ انعام کی آیات میں انبیاء کے ذکر کی ترتیب سے متعلق سوال پوچھا۔ حضور نے مسکراتے ہوئے فرمایا:۔

’’آپ مربی ہیں آپ کیوں پوچھتے ہیں۔‘‘

اور ساتھ ہی میرے سوال انبیاء کی ترتیب کی حکمت پر روشنی ڈالی۔

آپ بتاتے ہیں کہ حضور کا یہ فرمانا کہ آپ مربی ہیں آپ کیوں پوچھتے ہیں۔ میرے لئے ایک بڑا اہم ارشاد اور سبق عظیم تھا کہ مربی کو ہر مسئلہ خود تحقیق کر کے معلوم کرنا چاہئے۔ اگر نہ سمجھ آوے تو خدا تعالیٰ سے رہنمائی حاصل کرے کیونکہ خدا تعالیٰ سے جو علم حاصل ہوگا۔ وہ بہت اعلیٰ ہوگا۔ چنانچہ حضور کے اس ارشاد سے کئی مسائل میں خدا تعالیٰ نے میری راہنمائی فرمائی اور قبولیت دعا کا نشان دیکھا۔

یہ تمام مربیان سلسلہ کے لئے ایک اہم ارشاد ہے جو آپ ہمیشہ مربیان سلسلہ کو بتاتے رہتے۔

حضرت چوہدری فتح محمد سیال

صاحب کا عظیم سبق

ابا بتایا کرتے تھے کہ جب حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال کے ماتحت نظارت اصلاح وارشاد میں مربی تھا تو اکثر دیکھتا کہ ان کے پاس ہمہ وقت اپنے اور غیر از جماعت لوگ کاموں کے سلسلہ میں موجود ہیں۔ ایک بار میں نے عرض کی کہ چوہدری صاحب آپ کے آرام کا بھی کوئی وقت ہے۔ تو حضرت چوہدری صاحب نے فرمایا:۔

مولوی صاحب! اگر میں اپنے گاؤں جوڑا ضلع قصور میں ہوتا تو چوہدری نظام دین صاحب کے لڑکے فتح محمد کو ملنے کون جاتا۔ یہ لوگ کاموں کے لئے میرے پاس اس وجہ سے آتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کا ایک خادم اور جماعت کا عہدیدار ہوں۔ اور حضرت مسیح موعود کو خدا نے آنے والے لوگوں کی کثرت کے پیش نظر پہلے ہی الہاماً فرمایا تھا۔

کہ جب کثرت سے لوگ تیری طرف رجوع کریں گے تو تیرے پر واجب ہے کہ تو ان سے بدخلقی نہ کرے۔ اور تجھے لازم ہے کہ ان کی کثرت کو دیکھ کر تھک نہ جائے۔

اس لئے میرے پاس خواہ کسی وقت کوئی آوے میں ملنے سے کبھی انکار نہیں کروں گا ان کا کام ہو سکے گا تو ضرور کروں گا۔ ورنہ معذرت کروں گا۔ مگر ملنے سے انکار نہ کروں گا۔

آپ نے چوہدری صاحب کے اس عظیم سبق کو ہمیشہ اپنی زندگی میں یاد رکھا اور کبھی بھی کسی کے ملنے سے انکار نہیں کیا۔ چنانچہ آپ کی ہمیں تاکید تھی کہ میں بیمار ہوں خواہ رات ہو یا دن یا میں کام کرتا ہوں کسی کو ملے بغیر واپس نہیں کرنا اور اس پر ہمیشہ عمل کیا۔

امریکہ کے مجاہد کا ایک

ایمان افروز واقعہ

آپ اکثر ہمیں یہ واقعہ سنایا کرتے تھے اور اسے بتاتے ہوئے آپ کی آواز گلوگیر ہو جایا کرتی۔

آپ بتاتے ہیں کہ میرے استاد محترم حضرت صوفی مطیع الرحمٰن صاحب بنگالی اکثر مجھے گھر بلا کر حضرت مصلح موعود کی یہ نظم سنانے کا ارشاد فرماتے۔

ملت احمد کے ہمدردوں میں غم خواروں میں ہوں
بے وفاؤں میں نہیں ہوں میں وفاداروں میں ہوں

جب صوفی صاحب مرکز کے ارشاد پر امریکہ تشریف لے گئے اور 12 سال بعد امریکہ سے تشریف لائے تو میں ان دنوں کراچی کا مشنری انچارج تھا ان کے بیٹے لطف الرحمٰن اور دیگر احباب جماعت ہم سب ایئرپورٹ استقبال کے لئے پہنچے۔ صوفی صاحب جہاز سے باہر آنے کے بعد ایک کمرے میں احباب جماعت سے ملاقات کے لئے تشریف فرما تھے۔ آپ محو گفتگو تھے۔ ان کا بیٹا قریب ہی بیٹھا تھا۔ میں نے غور کیا کہ صوفی صاحب اپنے بیٹے سے کوئی بات نہیں کرتے مجھے شک پیدا ہوا تو میں نے صوفی صاحب سے عرض کی۔ صوفی صاحب آپ اس لڑکے کو پہچانتے ہیں۔ فرمایا نہیں۔ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

میں نے پرنم آنکھوں کی وجہ سے بمشکل اشارہ کیا کہ یہ لطف الرحمٰن ہے وہ نہایت افسردہ چپ چاپ بیٹھا تھا۔ حضرت صوفی صاحب بے تابانہ اٹھے فرط جذبات سے آنسو رواں تھے اور اپنے بیٹے سے بغلگیر ہوئے اسے چوما اور پیار کیا۔ جو اکیس بائیس سال کا نوجوان تھا اور پہچانا نہ جاتا تھا آخر میرے بتانے سے پتہ چلا۔ یہ خدا تعالیٰ کا کتنا فضل ہے کہ اس نے جماعت احمدیہ کو اس قسم کے فدائی اور قربانیاں کرنے والے مجاہدین عطا فرمائے۔

ابا کی زندگی بے شمار واقعات سے عبارت ہے۔ ایک سمندر ہے جس میں غوطہ زن ہو کر چند موتی ہدیہ قارئین کر رہی ہوں۔

آپ نے اپنی تمام زندگی جماعتی ایثار و قربانی میں گزاری۔ اور اولاد کو بھی ہمیشہ ان کی یہی نصیحت تھی کہ کبھی بھی دعا اور توکل کا دامن نہ چھوڑنا کیونکہ واقفین زندگی کے بیوی بچے بھی ان کے ہمراہ ایک طرح وقف ہی ہوتے ہیں۔

خدا تعالیٰ نے انہیں بیوی بھی صابرہ شاکرہ عطا فرمائی جنہوں نے ہر لحاظ سے ایک واقف زندگی شوہر کا بھرپور ساتھ دیا۔ باوجودیکہ ایک خوشحال فیملی سے آئی تھیں مگر کبھی شکوہ زبان پر نہ لائیں۔ شروع میں فنڈز کی کمی کے باعث الاؤنس کئی کئی مہینوں کی تاخیر سے ملا کرتے تھے۔ فاقے بھی آئے لیکن کبھی شکوہ نہیں کیا۔

جماعتی کاموں کے لئے میلوں پیدل سفر کیا۔ اکثر بھنے چنے ساتھ لے کر چلتے کہ یہ رقم بھی دین کے کاموں میں صرف ہو کبھی کسی پر بوجھ نہ بنے۔ تکلیفیں بھی اٹھائیں بیماریاں بھی آئیں مگر قدم قدم پہ آپ کو نصرت الٰہی اور تائیدات خداوندی حاصل رہیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو سات بیٹیوں اور دو بیٹوں سے نوازا۔ جب بڑی بیٹیاں شادی کے قابل ہوئیں تو کچھ پریشانی لاحق ہوئی۔ دعا کی تو بڑے زوردار الفاظ سے عربی میں فرمایا گیا۔

یعنی ہم تجھے بھی اور تیری اولاد کو بھی رزق دیں گے۔ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں کبھی بھی متفکر نہیں ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے اور یہ وعدہ ہم نے بھی بار بار پورا ہوتا دیکھا اور پورا ہوتا رہے گا۔ انشاء اللہ

جب بھی کسی بہن بھائی کی شادی کے معاملات ہوتے تو ہم سب بھائی بہنوں کو پاس بلا کر خاص دعا کی تحریک کرتے کہ اپنے اس بہن بھائی کی نئی زندگی کی شروعات اور رشتہ کے بابرکت ہونے کی بہت دعا کریں۔ کبھی بھی بیٹوں کو بیٹیوں پر ترجیح نہ دی۔ بیٹیوں کی پیدائش پر خوشی کا اظہار کرتے تھے۔ بڑی باجی کی پیدائش پر خواب دیکھا کہ اس بیٹی کے دو سال بعد بیٹا ہوگا لیکن اس کے بعد دوسری اور تیسری اور چوتھی بیٹی پیدا ہوئیں۔ چوتھی بیٹی کی پیدائش پر ایک خاتون نے افسوس کا اظہار کیا تو کہا مجھے تو خوشی ہے کہ میرے آقا ﷺ کی بھی تو چار بیٹیاں تھیں۔ چار بیٹیوں کی پیدائش کے بعد بڑے بھائی جان سید علی احمد صاحب طارق (ایڈووکیٹ سپریم کورٹ) کی ولادت ہوئی۔ جب بڑی باجی کی شادی ہوئی تو ایک برس گزرنے کے بعد امی نے کچھ فکرمندی کا اظہار کیا۔ تو فرماتے ہیں کہ مجھے اپنی رویا یاد آ گئی اور میں نے کہا فکر نہ کرو دو سال بعد لڑکا ہوگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ دو سال بعد سید ظہیر احمد کی ولادت ہوئی۔ اس طرح یہ رویا پوری ہوئی۔ جب یہ بچہ سات آٹھ برس کا تھا۔ اسلام آباد جاتے ہوئے بڑی باجی کی فیملی کا گجرات کے قریب ایک خوفناک ایکسیڈنٹ ہوا۔ تمام لوگ زخمی تھے۔ ظہیر کی حالت تشویشناک تھی۔ ابا اور احباب جماعت جائے حادثہ پر پہنچے باجی اور بہنوئی کو تسلی دی کہ ظہیر کو کچھ نہیں ہوگا۔ جس بچے کی پیدائش کی خبر اتنے برس پہلے خدا تعالیٰ نے دی ہو۔ اس کو خدا کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ وہ لمبی عمر پائے گا چنانچہ آج وہ بچہ جرمنی میں ہے اور صاحب اولاد ہے۔

1974ء کے پرآشوب حالات میں آپ گوجرانوالہ میں مربی سلسلہ تھے جہاں باقی لوگوں کے گھر بار لٹے وہاں آپ کا گھر بھی لوٹا اور جلایا گیا تھا۔ ان حالات میں گھر گھر احمدیوں کی خیریت دریافت کرتے۔ اس موقع پر میری بڑی بہن مبارکہ سید کو بلوائیوں نے مارا کہ تم احمدیت کا انکار کرو۔ تو انہوں نے نہایت دلیری سے ان کے مطالبہ کو مسترد کر دیا اور اپنے ایمان پر ثابت قدم رہیں۔ اس کا تذکرہ اکثر وہ بہت خوشی سے کیا کرتے تھے۔

انہی حالات میں قریشی احمد علی صاحب (راہ مولا میں قربان ہونے والے) کے نام کی مناسبت سے ابا کے متعلق غلط خبر پھیل گئی۔ عزیز و اقارب اور بڑے بھائی جان سخت پریشان تھے کہ ابا اور افراد خانہ کا کچھ پتہ نہیں چل رہا تھا۔

مرکز سلسلہ جب خبر پہنچی تو پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے نمائندہ بھیجا کہ ابا جان اور تمام احمدیوں کے متعلق پتہ چلاؤ کہ وہ کس حال میں ہیں اور کہاں ہیں۔ وہ نمائندہ کہتے تھے کہ کوئی نہیں بتاتا تھا کہ احمدی کہاں ہیں اور کسی سے اس وقت پوچھنا خطرہ سے خالی نہ تھا۔ بہت مشکل سے پتہ چلا کہ امیر صاحب کے مکان میں کیمپ بنا ہے۔ وہاں بصد مشکل پہنچے۔ ابا کی شکل دیکھی تو فوراً واپس پلٹے۔ آپ نے روکا کہ کھانا کھا کر جائیں تو انہوں نے جواب دیا۔ شاہ صاحب حضور سخت پریشان ہیں کھانا نہیں کھا سکتا۔ آپ کو دیکھ لیا ہے۔ حضور کو اطلاع کرنی ہے۔

اپنی زندگی میں ابا نے بیماریاں تکلیفیں اور قید و بند کی تکلیفیں اٹھائیں۔ ان مواقع پر خلفاء کی قبولیت دعا کے نشان بھی دیکھے۔ چنانچہ اپنڈیکس کا آپریشن ہوا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی دعا کی برکت سے صحت یاب ہو کر گھر آ گئے مگر ایک ماہ نہ گزرا تھا کہ مثانے میں پتھری کی تکلیف ہو گئی۔ بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی اور کافی مقدار میں خون ضائع ہو جاتا۔ کمزوری بے حد تھی اور فوری طور پر دوسرا آپریشن خطرہ سے خالی نہیں تھا۔ آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں لکھ دیا کہ اگر حضور نے اجازت فرمائی تو آپریشن کرواؤں گا ورنہ نہیں۔ حضور نے فرمایا:۔

’’آپریشن کروالیں‘‘۔ ابا نے کہا حضور میری حالت خون کے ضیاع کی وجہ سے بہت کمزور ہو چکی ہے۔ اب تو حضور کی خاص دعا سے ہی بچ سکتا ہوں۔ اس پر حضور نے فرمایا۔ ’’گھبرائیں نہیں میں دعا کروں گا‘‘۔ اور ہسپتال جاتے ہوئے یہ مژدہ تحریر فرمایا:۔

’’اللہ تعالیٰ کی امان میں وھوالشافی‘‘

ابا کے لئے گویا زندگی کا پروانہ تھا۔

حضور کی دعاؤں سے صحت یاب ہو کر خدمت سلسلہ میں حاضر ہو گئے۔ اسی بیماری کے موقع پر آپ کی اطاعت کا ایک خاص واقعہ تحریر ہے۔ ایک بار خلیفہ وقت کی طرف سے پیغام ملا کہ ایک کام کے سلسلہ میں سید صاحب خود جائیں اور واپس آ کر اطلاع دیں۔

بیماری کی نوعیت اور کمزوری کا یہ حال تھا کہ چلنا پھرنا دوبھر تھا۔ ہر وقت خون کا اخراج ہوتا تھا۔ اور اطاعت کا یہ عالم، ڈرائیور کو بلوایا اور امی سے کہا حضور کا فرمان ہے تم مجھے گاڑی میں بستر لگوا دو اور تکیوں کے سہارے بٹھا دو میں خود جاؤں گا۔

جتنا اطاعت گزار خادم تھا۔ آقا بھی اتنا ہی مشفق۔ کیسے بھول جاتے کہ خادم تو سفر کے قابل

نہیں۔ ابھی روانہ نہیں ہوئے تھے۔ آدمی دوبارہ آیا کہ حضور کا حکم ہے کہ سید صاحب ہرگز سفر نہ کریں وہ تو بیمار ہیں۔ صحت یابی کے بعد بھی محبت کا یہ عالم تھا کہ ہائی ایس گاڑی بھجوائی کہ سید صاحب جیپ پر دورہ نہ کیا کریں بلکہ یہ گاڑی استعمال میں رکھیں جسے ہمیشہ آپ نے جماعتی کاموں میں ہی استعمال کیا۔

1982ء میں مجلس انصار اللہ کے ارشاد پر صوبہ سرحد کے بعض مقامات کے دورہ میں مردان میں رویا دکھایا گیا کہ تکلیف آنے والی ہے مگر خدا کی طرف انجام کار رہائی اور کامیابی حاصل ہوگی۔

چنانچہ اسی دورہ میں چھوٹے بھائی (جو ابا کے ہمراہ تھے) صدر جماعت اور ابا کو ایک مقدمہ میں گرفتار کرکے جیل میں ڈال دیا گیا۔ جیل میں رویا دیکھا کہ ضمانت پر رہا ہو کر حضور کی خدمت میں تمام حال سنا رہا ہوں۔ چنانچہ تین دن کے بعد ضمانتیں ہو گئیں اور اسلام آباد حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حالات عرض کئے۔

کیس چلتا رہا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا وصال ہوگیا۔ مخالفین نے ضمانتیں منسوخ کرانے کی کوششیں شروع کردیں۔ حضرت سیدنا مرزا طاہر احمد صاحب منصب خلافت پر فائز ہو چکے تھے۔ ابا نے حضور کی خدمت میں ساری کیفیت بتائی اور خصوصی دعا کی درخواست کی۔ حضور نے 9 جولائی 1982ء کو خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو اس کیس کے لئے خصوصی دعا کی تحریک فرمائی۔ خدا نے اپنے خلیفہ کی اور ان کی پیاری جماعت کی دعاؤں کو بہت جلد شرف قبولیت بخشا اور مخالف فریق ضمانتیں منسوخ کروانے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ واپس آکر ابا نے جمعہ سے قبل حضور کی خدمت میں لکھا کہ پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی مقبول دعاؤں کا تو نشان دیکھا اب خلیفہ ہوتے ہی آپ کو دعا کی قبولیت کا خدا نے معجزہ دکھا دیا۔

تب حضور نے 16 جولائی 1982ء کے خطبہ میں فرمایا۔

’’گزشتہ جمعہ میں نے تحریک کی تھی جماعت کے سامنے ایک خاص دعا کی ...... اس وقت ایک خاص مقدمہ میرے ذہن میں تھا اور خاص طور پر پیش نظر تھا اور چند دنوں تک ہونے والا تھا اور اس کے لئے خاص طور پر گھبراہٹ اور پریشانی تھی۔ سو آپ کو میں مبارکباد دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعاؤں کو سن کر اور اپنے فضل سے اس مقدمہ میں ملوث معصوم شخص کو نجات بخشی۔ (الفضل 27 جولائی 1982ء)

ابا کے پاس اکثر لوگ اپنی پریشانیاں لے کر آتے اور آپ کے پاس سے خوشیاں سمیٹ کر واپس جاتے۔ اصلاح کرتے اور کمال تربیت کا طریق اختیار کرتے۔ معاملات کو نہایت خوش اسلوبی سے نپٹاتے۔

آپ کہا کرتے تھے کہ تربیت کی کوئی نہ کوئی تجویز کر کے اصلاح کرنی چاہئے۔ گرتے ہوئے کو اٹھانا بہادری ہے گرانا خوبی نہیں۔

ایک بار دورہ کے دوران نماز کے متعلق دریافت کرنے پر علم ہوا کہ چند نوجوان باقاعدہ نماز ادا نہیں کرتے اور وجہ یہ کہ مصروفیت بہت ہے۔ فرماتے تھے کہ میرے کہنے پر کہ میں خلیفہ وقت کی خدمت میں دعا کی درخواست کرتا ہوں تو ہر نوجوان نے کہا کہ میرا نام بھی دعا کے لئے لکھ لیں۔ آپ نے کہا کہ میں مضمون کچھ یوں لکھوں گا۔ آپ دستخط کردیں۔

’’حضور ہم بہت مصروف ہیں نماز کے لئے فرصت نہیں ملتی۔ حضور دعا کریں کہ ہمارا کاروبار کوئی نہ رہے، رشتہ دار بھی کوئی نہ رہے، کوئی ملازمت نہ رہے تاکہ ہم فارغ ہو کر نماز ادا کرسکیں۔‘‘

جونہی میں نے کہا سب نے چلا کر کہا شاہ صاحب خدا کے لئے یہ درخواست ہرگز نہ کریں ہم آج سے باقاعدہ نماز ادا کریں گے۔ انشاء اللہ۔ میں نے کہا کہ میرا تو مقصد ہی اصل یہی تھا تو جو پورا ہوگیا۔

ابا ہمدرد مشفق اور محبت کرنے والا وجود تھے۔ خدمت خلق غرباء سے ہمدردی کا جذبہ بے حد تھا۔ معمولی سے معمولی کام میں بھی شرم محسوس نہ کرتے۔ غریبوں کی امداد، ضرورت مندوں کی ضرورت پوری کرنا۔ سودا سلف لانا، آٹا پسوا کر لا دینا۔ غرض جو کام بھی کسی نے کہا انکار نہیں کیا۔ میرے گھر میں ایک ملازمہ اپنی 8، 10 سال کی بچی ہمراہ لاتی تھی اس کے سر پر دست شفقت رکھتے اور مجھے کہتے اس بچی سے کام مت لینا۔ مجھے لگتا ہے جیسے یہ میری ’ایمن‘ ہے۔ کیا تمہیں اس میں اپنی بیٹی ایمن دکھائی نہیں دیتی؟

محبت کا یہ عالم تھا ہر بیٹی، بیٹا اپنے پرائے یہ کہتے کہ ابا کی محبت اس کے ساتھ سب سے زیادہ ہے۔ ان کی وفات پر بعض عزیزوں کا کہنا تھا کہ ہمیں لگا کہ ہم آج یتیم ہوئے ہیں۔

چار پانچ سال قبل کراچی میں فالج کا حملہ ہوا۔ شدید بیماری دیکھی۔ بڑے بھائی جان بڑی باجی رشیدہ اور ان کی بیٹی محمودہ نے رات دن جاگ کر خدمت کی۔ اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر حضور کی دعاؤں کو قبول کیا اور دوبارہ صحت یاب ہو کر عملی زندگی میں قدم رکھا۔ پہلے والے شب و روز لوٹ آئے۔ امی کی اچانک وفات کے بعد آپ باری باری اپنے سب بچوں کے پاس رہا کرتے۔ لوگ آپ کو کثرت سے خطوط لکھتے اور ملنے آتے خطوط کے جواب باقاعدگی سے لکھتے۔ جب کچھ کمزوری زیادہ ہوگئی۔ تو جس بچے کے پاس ہوتے انہیں سے خط لکھواتے۔ آپ بچوں کے خط کا بہت خیال رکھتے۔ چنانچہ آخری ایام جو انہوں نے سرگودھا میرے پاس گزارے وہ مجھے پاس بٹھاتے اور خطوط اور مضامین لکھواتے اور حوصلہ افزائی کرتے اور بہت خوشی سے کہا کرتے تمہاری لکھائی تو بہت اچھی ہے۔

اولاد کے لئے دعائیں تو ہر والدین کیا ہی کرتے ہیں۔ لیکن ان کی مضطربانہ دعائیں جو وہ جماعت اور خاندان حضرت اقدس کے لئے کیا کرتے تھے بیان کرنا مشکل ہے۔

بچپن میں ایک بار میں شدید بیمار ہوگئی۔ عید کا دن تھا۔ ڈاکٹر کا ملنا محال تھا۔ طبیعت تھی کہ ’مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی‘‘ کے مصداق تھی۔ آخر ایک احمدی ڈاکٹر ملے جنہوں نے مایوسی کا اظہار کیا۔ ایسے وقت میں ابا نے میرے قریب ہی جائے نماز بچھائی اور سجدہ میں تڑپ تڑپ کر میری صحت کے لئے دعا مانگی۔ جونہی دعائیں بلند ہو رہی تھیں مجھے لگا کہ میری تکلیف میں کمی محسوس ہوتی جارہی ہے جیسے ہی ابا نے سجدہ سے سر اٹھایا۔ تو مجھے لگا کہ تکلیف تھی ہی نہیں۔

جب میں دوسری بار امید سے تھی تو میری صحت بہت کمزور تھی۔ بار بار ہسپتال داخل ہونا پڑتا۔ میری حالت کے پیش نظر ڈاکٹر نے آپریشن کا اظہار کیا اور ساتھ زندگی سے مایوسی بھی۔ آپ کو پتہ چلا تو مجھے کہا گھبرانا نہیں۔ میں بہت دعا کررہا ہوں۔ اسی روز نماز مغرب میں اللہ تعالیٰ نے بغیر آپریشن بچی کی بشارت دی اور نماز عشاء کے وقت بچی ’’ایمن‘‘ پیدا ہوئی۔ مجھے گھر لے آئے کہا اس حالت میں سرگودھا سفر کرنا مناسب نہیں۔ امی بیماری کی وجہ سے بڑے بھائی جان کے پاس تھیں۔

ایک ماں کی طرح میرا خیال رکھا۔ بچہ تنگ کرتا تو انگلی پکڑ کر باہر لے جاتے کہ تم باہر نہ نکلنا۔ سب بہن بھائیوں کی شادیاں ہو چکی تھیں۔ اس لئے میرا وقت ابا کے ساتھ زیادہ گزرا۔ میرے ساتھ ان کا انداز بے تکلفانہ تھا۔ اکثر معاملات میں مشورہ لیتے۔ مذاق بھی کرتے اور بہت خوب کرتے۔

اپنے بچوں کے سسرالی عزیز و اقارب کی بہت عزت و احترام کرتے۔ میرے شوہر ناصر احمد صاحب کو پاس بٹھا کر ان کے دادا حافظ احمد دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود اور ان کے بھائی ڈاکٹر بھائی محمود احمد صاحب قادیانی کے اکثر واقعات سناتے۔ میرے خسر کا ذکر بڑی محبت سے بھائی غلام احمد صاحب مرحوم کہہ کر کرتے۔

مجھے شادی کے وقت جو قرآن پاک دیا اس پر نصیحت لکھی:۔

’’میری عزیز بیٹی اپنے تمام بہن بھائیوں میں سے زیادہ تم کو اپنے والدین کی خدمت کا موقع نصیب ہوا۔ اب جبکہ تم رخصت ہو رہی ہو۔ میری پہلی اور آخری نصیحت یہی ہے کہ خدا تعالیٰ پر کامل ایمان رکھنا۔ آنحضرتؐ کے نمونہ کو اپنانا۔ قرآن کریم کو حرز جان بنانا۔ حضرت مسیح موعود کی تعلیم پر عمل اور خلافت سے وابستگی اختیار کرنا۔ یہ برکات کے حصول کا ذریعہ ہے۔ اپنے شوہر کی ہر حالت میں اطاعت و فرمانبرداری کرنا گھر کو جنت کا نمونہ بنا دیتا ہے۔ خدا تم کو ہر آن خوش و خرم رکھے۔ آمین۔ خدا تمہارے ساتھ ہو۔ آمین۔

طالب دعا تمہارا باپ سید احمد علی‘‘

اکثر قرآن پاک مجھ سے سنا کرتے اور کہا کرتے تھے کہ تمہارا خوش الحانی سے قراءت قرآن پاک کرنا مجھے بہت پسند ہے۔ مجھے جماعتی کام کرتے دیکھ کر بہت خوشی کا اظہار کرتے اور کہتے کہ ؏

خدمت دین کو اک فضل الٰہی جانو

حضور کا یہ شعر پڑھا کرتے اور کہتے دیکھو دین کی راہ میں تکالیف سے کبھی نہ گھبرانا۔ سچائی کی خاطر اذیتیں بھی برداشت کرنی پڑیں تو سچائی کا دامن نہ چھوڑنا۔ میں نے آپ کی اس نصیحت کو ہمیشہ مدنظر رکھا۔ جب تک امی زندہ رہیں۔ تو اکٹھے میرے پاس آتے۔ امی کی وفات کے بعد چپ چپ رہتے۔ گرمیوں کی چھٹیاں باقاعدگی سے سرگودھا میرے بچوں کے ساتھ گزارتے۔ میرے دونوں بچوں سے دل بھی خوب لگتا۔ ان کو تذکرۃ الاولیاء میں سے واقعات سناتے۔ قرآنی سورتیں اور ادعیہ سنتے۔

جب میرے بیٹے نے پانچ سال کی عمر میں قرآن پاک ختم کیا تو بہت خوش ہوئے۔ اس کی تقریب آمین حضرت مرزا عبدالحق صاحب امیر جماعت احمدیہ سرگودھا کی سربراہی میں منعقد ہوئی۔ ابا بھی شریک ہوئے اور مرزا صاحب کی شرکت پر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

آپ مستجاب الدعوات تھے۔ میرے ایک بہت قریبی عزیز اولاد نرینہ سے محروم تھے۔ انہوں نے خاص دعا کی درخواست کی چنانچہ آپ کی دعا کے نتیجہ میں اللہ کے فضل سے ان کے ہاں بیٹا طاہر احمد خالد پیدا ہوا۔

میرے شوہر ناصر احمد صاحب کی کافی عرصہ قبل چوری ہوگئی۔ چور قیمتی سامان کے علاوہ بہت ضروری کاغذات بھی ہمراہ لے گئے۔ انہوں نے آپ سے درخواست دعا اور پریشانی کا اظہار کیا۔ ابا نے دعا کے وعدہ کے ساتھ انہیں قرآن کریم پڑھنے کی تاکید کی اور کہا جلد بازیابی ہوجائے گی۔ چنانچہ اس دعا کی قبولیت کے نتیجہ میں تمام چوری شدہ اشیاء برآمد ہوگئیں۔ الحمدللہ

آپ کئی کتابوں اور پانچ صد سے زیادہ مضامین کے مصنف تھے۔ ڈائری لکھنے میں بہت باقاعدہ تھے۔ آخری دو ماہ 9 جون تا 10 اگست 2003ء وفات تک بزرگان کی متعدد بار زیارتوں کا ذکر ہے۔ ان میں حضرت مسیح موعود، حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور حضرت مرزا شریف احمد صاحب بھی تھے۔ وفات تک نماز جمعہ باقاعدہ ادا کی۔ قرآن پاک کی باقاعدگی سے تین چار بار تلاوت کرتے۔ نوافل، اشراق، چاشت وغیرہ باقاعدگی سے ادا کرتے۔ آخری دن تک نمازیں وقت پر ادا کیں۔ ہمیشہ باوضو رہتے۔ وفات سے قبل نماز فجر کے لئے سب کو آواز دے کر اٹھایا۔ دو تین روز قبل میرے دونوں بچوں کو بٹھا کر ہمیشہ نماز پڑھنے کی تلقین کی اور ساتھ ہی نماز کی مسنون دعا والدین اور مومنین کی مغفرت کے پڑھنے کی تاکید کی اور وعدہ لیا کہ میری وفات کے بعد میری مغفرت کی دعا ضرور کرنا۔ وفات سے چند گھنٹے قبل ایک بہنوئی اور دو بہنیں اپنے شوہروں کے ہمراہ ملنے آئی ہوئی تھیں۔ مجھے بلا کر میرا ماتھا چوما اور بہت دیر تک دعائیں کرتے رہے۔ مگر میں نہ سمجھ سکی یہ تو جانے کی تیاری ہے اور جدائی کی باتیں ہیں۔ چند گھنٹوں کی معمولی علالت کے بعد آپ ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہوگئے۔

آپ کی تدفین حضور کے ارشاد کے مطابق قطعہ خاص میں ہوئی جو کہ اللہ تعالیٰ نے بہت پہلے سے بتا دیا ہوا تھا جس کا ذکر انہوں نے مجھ سے کیا۔ بلکہ ایک دفعہ بہشتی مقبرہ جاتے ہوئے اشارہ کر کے وہ جگہ بھی بتائی۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ابا اور امی کے درجات بلند کرے۔ آمین۔ نیز ان کی تمام اولاد کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ماخوذ

بالوں کی حفاظت

آپ کی شخصیت سے آپ کے بالوں کا گہرا تعلق ہے۔ بالوں کے انداز میں ذرا سی تبدیلی شکل ہی بدل کر رکھ دیتی ہے۔ پھر بالوں کے انداز کو بدلنا بھی آسان ہوتا ہے۔ بالوں کو بڑھانا، چھوٹا کرنا، گھنگھریالے بنانا، رنگنا بھی آسان ہوتا ہے۔

آپ کے سر پر زندگی بھر بال اگتے اور گرتے رہتے ہیں۔ اگنے والوں کی اوسطاً کل تعداد ایک لاکھ کے قریب ہوتی ہے کسی کے سر پر بال گھنے ہوتے ہیں تو کسی کے سر پر بالوں کی مجموعی تعداد کم ہوتی ہے۔

سیدھے بال گول شکل کے ہوتے ہیں جبکہ گھنگھریالے اور لہردار بال چپٹے ہوتے ہیں۔

بال کیا ہے؟

عرف عام میں ہم جسے بال کہتے ہیں، مکمل طور پر مردہ ہوتا ہے۔ یعنی اس میں درد وغیرہ کا احساس نہیں ہوتا۔ بال کیراٹین (Keratin) نامی ایک قسم کی پروٹین سے بنے ہوتے ہیں۔ بال کا بیرونی حصہ کئی پرتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر بال صحت مند ہو تو یہ پرتیں مل کر یک جا ہو جاتی ہیں اور بال کی بیرونی سطح نرم اور ہموار ہو جاتی ہے۔

بال کا زندہ حصہ بلب (Bulb) کہلاتا ہے اور جلد کی نچلی تہ کے بالکل نیچے موجود ہوتا ہے۔ یہیں سے بال اگتا ہے اور ایک ماہ میں تقریباً ایک سینٹی میٹر لمبا ہو جاتا ہے۔

تمام جسم پر موجود روغنی غدود کی مانند سر پر موجود روغنی غدود بھی روغنی رطوبت (Sebum) خارج کرتے ہیں۔ یہی رطوبت بالوں کو نرم اور چمک دار بنائے رکھتی ہے۔ اس طرح بال خوب صورت نظر آتے ہیں۔

بالوں کی اقسام

چکنے بال

اگر آپ کے روغنی غدود (Sebaceous Glands) بہت زیادہ روغنی رطوبت (Sebum) خارج کرتے ہیں تو آپ کے بال چکنے (Oily) ہوں گے۔ کسی بیماری یا پریشانی کے دوران بھی آپ کے بال چکنے ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر آپ کی جلد چکنی ہے تو آپ کے بال بھی چکنے ہوں گے۔ اگر ایسا ہو تو اپنے بالوں کے ساتھ زیادہ چھیڑ چھاڑ کرنے یا کھوپڑی کو رگڑنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اس طرح روغنی غدود متحرک ہو جاتے ہیں اور ان میں سے زیادہ روغنی رطوبت خارج ہو سکتی ہے۔

خشک بال

اگر سر میں موجود روغنی غدود بہت کم روغنی رطوبت تیار کرتے ہیں تو آپ کے بال خشک اور بے جان سے محسوس ہوں گے۔ یہ خشک بال (Dry Hair) ہیں۔ اس قسم کے بال دیکھنے پر کھردرے، سخت اور پھیکے نظر آتے ہیں۔ ایسے بال صابن سے دھونے پر ان پر لگی تھوڑی سی چکنائی بھی دھل جاتی ہے اور وہ مزید خشک ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے بالوں والے افراد کو اپنے بال ہلکے شیمپو سے دھونے چاہئیں۔ ایسے بال زیادہ نہیں دھونے چاہئیں۔ خشک بالوں پر آپ کوئی خاص کنڈیشنر استعمال کر سکتے ہیں۔

عام بال

عام یا نارمل بال وہ ہوتے ہیں جن میں قدرتی چمک پائی جاتی ہے اور چھونے پر نرم محسوس ہوتے ہیں۔ اگر آپ کے بال نارمل ہیں تو خدا کا شکر ادا کیجئے اور باقاعدہ صفائی اور احتیاط کے ساتھ ان کی حفاظت کیجئے۔ یعنی شیمپو اور کنڈیشنر سے انہیں دھویئے۔

بالوں کے چند مسائل

ٹوٹے سرے:

اگر آپ کے بال لمبے یا خشک ہیں تو ہو سکتا ہے ان کے سرے ٹوٹے ہوئے ہوں۔ ہیئر ڈرائیر کے کثرت استعمال سے بالوں کے سرے ٹوٹ جایا کرتے ہیں۔ اس لئے جب بھی ہیئر ڈرائیر استعمال کریں تو اسے کم گرم ہوا پر رکھیں۔

اپنے بالوں کے سروں کو ٹوٹنے سے بچانے کے لئے باقاعدگی سے ان کی صفائی اور تراش خراش کا خیال رکھئے اور اچھے کنڈیشنر سے انہیں دھویئے۔ اگر آپ بالوں پر ہیئر ڈرائیر استعمال کرتے ہیں تو اسے کم حرارت پر استعمال کرنے کی کوشش کیجئے۔

بالوں کی خشکی:

تمام جسم کی کھال کی طرح کھوپڑی کی جلد کی تہ بھی مستقل طور پر بدلتی رہتی ہے۔ چنانچہ کھوپڑی کی جلد کے مردہ خلیے کھوپڑی پر جمع ہوتے رہتے ہیں اور اگر آپ کی کھوپڑی خشک ہے تو یہ مردہ خلیے تہ در تہ جمع ہو کر سر پر جم جاتے ہیں۔ یہی خشکی ہے۔

اگر آپ کے سر پر خشکی ہے تو آپ کو مانع خشکی شیمپو (اینٹی ڈینڈرف شیمپو) استعمال کرنا چاہئے۔ بعض مانع خشکی شیمپو بعض اقسام کی جلد کے لئے مناسب نہیں ہوتے۔ اس لئے ان کے استعمال میں احتیاط کرنی چاہئے۔ شیمپو کے استعمال کے بعد بھی اگر خشکی برقرار رہے تو معالج سے مشورہ کرنا چاہئے۔

سر کی جوئیں:

سر کی جوؤں سے تو آپ خوب واقف ہوں گے۔ بچوں بالخصوص سکول جانے والے لڑکے لڑکیوں کے سروں میں یہ اکثر ہوتی ہیں اور مائیں ان سے پریشان رہتی ہیں۔ ایک دوسرے کے قریب بیٹھنے، ایک ہی ٹوپی کئی لوگوں کے پہننے اور ایک ہی کنگھا کئی لوگوں کے کرنے سے بھی جوئیں ایک سر سے دوسرے سر میں منتقل ہو جاتی ہیں۔ سر میں جوئیں ہونے کی پہلی علامت یہ ہے کہ سر میں خارش ہونے لگتی ہے اور سر کے بال بغور دیکھنے پر بالوں میں باریک باریک سی سفید لیکھیں نظر آتی ہیں۔ یہ لیکھیں دراصل جوؤں کے انڈے ہوتے ہیں۔

سر سے جوئیں صاف کرنے کے لئے اچھی کنگھی سے بال باقاعدگی سے صاف کیجئے اور جوئیں ختم کرنے والے شیمپو (اینٹی لائس شیمپو) سے سر دھویئے۔

بالوں کی حفاظت

صاف ستھرے، چمکتے ہوئے اور کڑھے ہوئے بال اچھے لگتے ہیں۔ بعض لوگوں کو تو یہ خبط ہوتا ہے کہ وہ ہر وقت کنگھا اپنی جیب میں رکھتے ہیں اور ہر چند منٹ بعد کنگھا نکال کر بال سنوارنے لگتے ہیں۔

بالوں کو صاف ستھرا اور قرینے سے رکھنا اچھی بات ہے اور بلا شبہ خوبصورت بال شخصیت کو بھی خوبصورت بناتے ہیں لیکن یہ بہت ضروری ہے کہ بالوں کی نوعیت کے لحاظ سے ان کی حفاظت کا انتظام کیا جائے۔ مثال کے طور پر خشک بالوں کو ہفتے میں دو بار دھونا کافی ہے۔

بال کیسے سکھائے جائیں؟

